# قانونی امداد اور آپ



## 1 قانونی امداد سے کیا مراد ہے؟

قانونی امداد سے مراد، ایسے تمام غریب اور ضرورتمند لوگوں کو مفت قانونی خدمات فراہم کرانا ہے جو کسی عدالت/ٹربیونل/اتھارٹی کے سامنے اپنے مقدمہ کی پیروی کے لیے وکیل کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔

## 2 کیا ایک قیدی قانونی امداد کا مستحق ہے؟

جی ہاں، یو/ایس ۱۲ (جی) لیگل سروسز ایکٹ ۱۹۸۷ کے تحت کوئی بھی شخص جو قید میں ہے مفت قانونی امداد حاصل کرنے کا حقدار ہے۔

## 3 مفت قانونی امداد کے لیے کس سے رابطہ کیا جاے؟

آپ درج زیل اتھارٹی کے سامنے مفت قانونی امداد کے لیے درخواست کر سکتے ہیں:

(۱) مجسٹریٹ سے جسکے سامنے آپکو پیش کیا گیا ہو؛یا
(۲) حراست میں لینے والے حکام سے، اگر آپ قید میں ہوں۔
(۳) سینئیر سول جج، جنہیں منڈل/تالک کی لیگل سروسز اتھارٹی کے چئیرپرسن کے طور پر نامزد کیا گیا ہو؛
(۴) ضلعی سطح پر، ضلع کی لیگل سروسز اتھارٹی کے سکریٹری سے؛
(۵) صوبائی لیگل سروسز اتھارٹی کے ممبر سکریٹری سے؛
(۶) صوبائی سطح پر ہائی کورٹ کی لیگل سروسز کمیٹی کے سکریٹری سے؛
(۷) قومی سطح پر سپریم کورٹ کی لیگل سروسز کمیٹی کے سکریٹری سے؛

## 4 قانونی امداد کے تحت کون کون سی خدمات حاصل کی جا سکتی ہیں؟

(۱) ایک وکیل کی خدمات جوکہ عدالت میں آپکے مقدمے (مقدمے کی سماعت/اپیل) کی پیروی کریگا
(۲) عدالت یا دیگر عدالتی عمل کی فیس کی ادائیگی
(۳) کسی بھی طرح کے قانونی کارروائی کے دستاویز کی تیاری، اسکی ڈرافٹنگ و فائلنگ کے اخراجات کی ادائیگی
(۴) لیگل پریکٹیشنر یا قانونی مشیر کی فیس کی ادائیگی؛
(۵) قانونی کارروائی سے متعلق دستاویز، فیصلے یا احکامات کی کاپی حاصل کرنے کے اخراجات کی ادائیگی؛
(۶) کاغذی کارروائی بشمول پرنٹنگ و ترجمہ وغیرہ کے اخراجات کی ادائیگی۔

## 5 قانونی امداد حاصل کرنے کے لیے درخواست کس طرح کی جائے؟



(۱) آپ مذکورہ بالا حکام کو تحریری درخواست دے سکتے ہیں۔
(۲) اگر آپ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے ہیں، تو لیگل سروس اتھارٹی آپکا بیان درج کریگی اور اسپر آپکے انگوٹھے کا نشان لیا جایئگا۔ اسطرح کے بیان کو درخواست تسلیم کیا جاتا ہے۔





## 6 قانونی امداد کون مہیا کراتا ہے؟

درج ذیل لیگل سروسز اتھارٹی کے ذریعہ قانونی امداد مہیا کرائی جاتی ہے،

(۱) سب ڈویژنل لیگل سروسز اتھارٹی (SDLSA)/تالک لیگل سروسز کمیٹی (TLSC)
(۲) ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی (DLSA)
(۳) اسٹیٹ لیگل سروسز اتھارٹی (SLSA) و ہائی کورٹ لیگل سروسز کمیٹی (HCLSC)
(۴) نیشنل لیگل سروسز اتھارٹی (NALSA) و سپریم کورٹ لیگل سروسز کمیٹی (SCLSC)

## 7 قانونی امداد حاصل کرنے والے فرد کے کیا فرائض ہیں؟

(۱) لیگل سروس اتھارٹی کے سکریٹری کی ہدایات پر عمل کریں۔
(۲) اپنے وکیل کے سامنے تمام حقائق سچائی سے بیان کریں۔
(۳) اپنے وکیل کو کسی بھی طرح کے خرچ یا فیس کی ادائیگی نہ کریں، اور
(۴) اگر ممکن ہو تو اپنے خاندان کے کسی فرد کی کمیٹی آفس میں، عدالت میں یا وکیل کے پاس موجودگی کو یقینی بنایا جائے۔



## 8 قانونی امداد کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے عدالت اور پولیس کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟

(۱) پولیس کی یہ ذمہ داری ہے کی وہ آپکو ایک وکیل حاصل کرنے کے آپکے دستوری حق سے مطلع کرائے۔
(۲) عدالت کی یہ ذمہ داری ہے کہ یہ دیکھے کہ آپکو پیشی یا سماعت کے وقت ایک وکیل کی خدمات حاصل ہیں، اور اگر عدالت میں آپکی نمائندگی وکیل کے ذریعہ نہیں ہو رہی ہے تو فوری طور پر ریاستی اخراجات پر آپکو ایک وکیل مہیا کرائے۔


**COMMONWEALTH HUMAN RIGHTS INITIATIVE**
55 A, Third Floor, Siddhartha Chambers-1, Kalu Sarai,
New Delhi - 110016 **Tel:** 91-11-43180200 **Fax:** 91-11-43180217
**E-mail:** info@humanrightsinitiative.org
**Website:** www.humanrightsinitiative.org


**ROTARY CLUB OF CALCUTTA YUVIS**

Rotary

(RID 3291)


Poster Urdu_26-5-16
Thursday, November 17, 2016 8:43:52 AM